**Inam / Sadiq**

**15-10-2024**

**13.50 Hrs**

**HL-Opening**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ضمیر رَضوی

**Music**

~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~

☆ وزیراعظم نریندرمودی نے کہا ہے کہ بھارت ٹیلی مواصلات اور اِس سے متعلق ٹیکنالوجی کے لحاظ سے دنیا میں سب سے زیادہ تیزی سے تبدیل ہونے والے ملکوں میں سے ایک ہے۔ وزیرِاعظم نئی دلّی میں بین الاقوامی ٹیلی مواصلات یونین - ٹیلی مواصلات کے عالمی معیارات سے متعلق اسمبلی کا افتتاح کیا۔

☆ انتخابی کمیشن آج مہاراشٹر اور جھارکھنڈ اسمبلی انتخابات کی تاریخوں کا اعلان کرے گا۔

☆ شنگھائی تعاون تنظیم کی سربراہ کانفرنس پاکستان میں شروع ہوگی۔ وزیرخارجہ ایس جے شنکر اس سربراہ کانفرنس میں شرکت کریں گے۔

☆ اور ڈنمارک اوپن 2024 بیڈمنٹن ٹورنامنٹ میں آج شام پی وی سندھو اور لکشیہ سین اپنی اپنی کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**Day PM - ITU WTSA IMC**

وزیرِاعظم نریندر مودی نے نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں آج بین الاقوامی ٹیلی مواصلاتی یونین، **ITU** کی ٹیلی مواصلات کی عالمی معیارات سے متعلق اسمبلی، (ڈبلیو ٹی ایس اے) **2024** کا افتتاح کیا۔

**WTSA**، بین الاقوامی ٹیلی مواصلاتی یونین کے کام سے متعلق معیارات کی گورننگ کانفرنس ہے، جو ہر چار سال بعد ڈجیٹل ٹیکنالوجی کیلئے اقوامِ متحدہ کی جانب سے منعقد کی جاتی ہے۔ یہ پہلا موقع ہے، جب بھارت اور ایشیا - بحرالکاہل خطے میں **ITU-WTSA** کا انعقاد ہورہا ہے۔ تقریب کے دوران وزیر اعظم مودی نے انڈیا موبائل کانگریس **2024** کے آٹھویں ایڈیشن کا بھی افتتاح کیا۔

اس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے، وزیر اعظم مودی نے کہا کہ بھارت ٹیلی مواصلات اور اُس سے متعلق ٹیکنالوجی کے معاملے میں نہایت تیزی سے بدل رہے ملکوں میں سے ایک ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت میں **120** کروڑ موبائل فون صارفین ہیں، **95** کروڑ انٹرنیٹ صارفین ہیں اور دنیا کے **40** فیصد سے زیادہ ڈجیٹل لین دین بھارت میں ہوتے ہیں۔ جناب مودی نے اِس بات کی نشاندہی کی کہ بھارت کے ڈجیٹل نظریے نے چار ستونوں۔ سستے آلات، ہر کونے میں کنکٹی ویٹی کے پھیلاؤ ، کفایتی ڈاٹا اور صف آخر تک فراہمی پر کام کیا ہے۔ وزیر اعظم نے مزید کہا کہ **WTSA** کا مقصد عالمی معیارات کے حصول کی جانب کام کرنا ہے، جبکہ انڈیا موبائل کانگریس، خدمات کی فراہمی میں اہم رول ادا کرتی ہے۔

عالمی ٹیلی مواصلات معیارات اسمبلی ایک اہم عالمی تقریب ہے، جس میں **190** سے زیادہ ملکوں کے **3** ہزار سے زیادہ تکنیکی ماہرین، صنعتی رہنما اور پالیسی ساز یکجا ہو رہے ہیں، جو ٹیلی مواصلات، ڈیجیٹل اور **ICT** سیکٹروں کی نمائندگی کرتے ہیں۔ یہ تقریب اِن ملکوں کو، ایک پلیٹ فارم بھی فراہم کررہی ہے، جس سے **6G**، مصنوعی ذہانت، انٹرنیٹ آف **Things**، **Big** ڈاٹا اور سائبر سکیورٹی جیسی اگلے دور کی اہم ٹیکنالوجیوں کے
~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~

معیارات کے مستقبل پر تبادلۂ خیال اور فیصلہ کیا جاسکے گا۔ بھارت کو اس تقریب کی میزبانی سے عالمی ٹیلی مواصلات کا ایجنڈا تشکیل دینے اور مستقبل کی ٹیکنالوجیز کیلئے لائحۂ عمل طے کرنے کا موقع ملے گا۔

بھارتی اسٹارٹ اَپس اور تحقیقی ادارے، بدلتے دانشورانہ املاک کے حقوق اور ضروری معیاری Patents سے متعلق مزید معلومات حاصل کرنے کیلئے تیار ہیں۔ x

**ECI- Poll Schedule**

انتخابی کمیشن آج مہاراشٹر اور جھارکھنڈ اسمبلی انتخابات کی تاریخوں کا اعلان کرے گا۔ کمیشن اسمبلی انتخابات کی تاریخوں کا اعلان کرنے کیلئے نئی دلی میں سہ پہر ساڑھے تین بجے ایک پریس کانفرنس منعقد کرے گا۔ مہاراشٹر اسمبلی کی مدت کار اگلے ماہ کی 26 تاریخ کو ختم ہورہی ہے، جبکہ جھارکھنڈ کی مدت کار اگلے سال جنوری کی 5 تاریخ کو ختم ہوجائے گی۔X

**VP- Assam**

نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ ، کل سے آسام کے گواہاٹی اور میگھالیہ کے شیلانگ کے دو روزہ دورے پر رہیں گے۔ اپنے دورے کے دوران جناب دھنکھڑ شیلانگ کے Mawdiangdiang میں میگھالیہ ہنرمندی اور اختراع مرکز کا سنگِ بنیاد رکھیں گے اور تقریب کی صدارت کریں گے۔ جناب دھنکھڑ شیلانگ میں IT پارک اور راج بھون کا بھی دورہ کریں گے اور وزیر اعلیٰ اور دیگر سینئر افسران سے ملاقات بھی کریں گے۔ x

**JAISHANKAR SCO**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر شنگھائی تعاون تنظیم SCO کی سربراہ کانفرنس میں شرکت کیلئے آج اسلام آباد کے دو روزہ دورے پر روانہ ہورہے ہیں۔ اِس سے پہلے وزیر خارجہ نے کہا تھا کہ اُن کا پاکستان کا دورہ ایک کثیر مقصدی تقریب کیلئے ہے۔ اِس دوران انھوں نے باہمی گفتگو کرنے سے انکار کردیا تھا۔ گزشتہ 9 سال میں پاکستان کا بھارتی وزیر خارجہ کا یہ پہلا اعلیٰ سطحی دورہ ہوگا۔ شنگھائی تعاون تنظیم ایک مستقل بین حکومتی بین الاقوامی تنظیم ہے، جو 9 ممبر ملکوں پر مشتمل ہے جن میں بھارت، ایران، قزاخستان، چین، جمہوریہ کرغستان، پاکستان، تاجکستان اور ازبکستان شامل ہیں۔ x

**India Canada Diplomats**

بھارت نے کناڈا کے کارگزار ہائی کمشنر

Stewart Ross Wheeler سمیت کناڈا کے چھ سفارتکاروں سے بھارت چھوڑنے کو کہا ہے۔ اِن میں ڈپٹی ہائی کمشنر Patrick Hebert کے علاوہ چار فرسٹ سکریٹریز بھی شامل ہیں۔ اِن سبھی اہلکاروں کو 19 اکتوبر یا اس سے پہلے بھارت چھوڑنے کیلئے کہا گیا ہے۔ دوسری جانب بھارت نے کناڈا سے اپنے ہائی کمشنر اور نشانہ بنائے جارہے سفارتکاروں کو واپس بلا لیا ہے۔ بھارت کا کہنا ہے کہ اُسے اپنے اہلکاروں کی سلامتی کو یقینی بنانے کے بارے میں کناڈا کی موجودہ حکومت کے عزم پر بھروسہ نہیں رہا۔ اِس سے متعلق ایک پیشرفت کے تحت کل شام نئی دلّی میں وزارت خارجہ میں سکریٹری مشرق نے کناڈا کے Charge d'Affaires کو طلب کیا۔ اِس دوران انہیں بتایا گیا کہ کناڈا میں بھارتی ہائی کمشنر اور دیگر سفارتکاروں اور اہلکاروں کو بے بنیاد طور پر نشانہ بنایا جانا بالکل ناقابل قبول ہے۔x

### CAQM Air Quality

ہوا کے معیار کے بندوبست سے متعلق کمیشن، CAQM نے پورے قومی راجدھانی خطے میں Graded Responseایکشن پلان، GRAP کے پہلے مرحلے کو نافذ کردیا ہے۔ یہ قدم ہوا کے معیار کے اشاریے، AQI کے 234 پر پہنچنے کے بعد اٹھایا گیا ہے۔ 234 کے AQI کو خراب کے زمرے رکھا جاتا ہے۔ اس کے تحت GRAP کے پہلے مرحلے کا 27 نکاتی ایکشن پلان آج صبح 8 بجے سے پورے قومی راجدھانی خطے میں نافذ ہوگیا ہے۔ یہ فیصلہ گذشتہ کل CAQM کی ذیلی کمیٹی کی میٹنگ میں لیا گیا، جہاں دلّی - قومی راجدھانی خطے میں ہوا کے موجودہ معیار کا جائزہ لیا گیا۔ ایکشن پلان میں مختلف ایجنسیوں بشمول قومی راجدھانی خطے، ریاستوں اور دلّی کے آلودگی کی روک تھام اور کنٹرول سے متعلق کمیٹی کی جانب سے نافذ کئے جانے والے اقدامات شامل ہیں۔ اِن اقدامات میں تعمیراتی اور انہدامی سرگرمیوں کے دوران دھول کی روک تھام سے متعلق ہدایت پر عمل آوری اور میونسپل اور ٹھوس کوڑے کو باقاعدگی سے اٹھانا شامل ہے۔x

### UN Peacekeepers

اقوامِ متحدہ کے امن آپریشنز کے اَنڈر سکریٹری جنرل Jean-Pierre Lacroix نے کہا ہے کہ اقوامِ متحدہ کی قیام امن فورس کے اہلکار لبنان میں اپنی پوزیشنوں پر قائم رہیں گے۔ یہ فیصلہ اسرائیلی اتھارٹی کے متعدد بیانوں کے بعد سامنے آیا ہے، جس میں اسرائیل نے لبنان اور اسرائیل کے درمیان Blue لائن سے قریب واقع علاقوں کو خالی کرنے کو کہا ہے۔ انڈر سکریٹری جنرل نے زور دیا کہ امن فورسز کے اہلکاروں کی سلامتی اور تحفظ اولین ترجیح ہے۔ اِس بیچ اقوامِ متحدہ سلامتی کونسل نے گذشتہ کل Blue لائن پر ہوئی جارحیت پر سخت تشویش کا اظہار کیا ہے۔

سلامتی کونسل کے اراکین نے سبھی فریقین سے لبنان میں اقوامِ متحدہ عبوری فورس، UNIFIL اہلکاروں کی سلامتی اور تحفظ کو یقینی بنانے اور اقوامِ متحدہ احاطوں کے تقدّس کا احترام کرنے کی اپیل کی ہے۔ اس دوران اراکین نے مشن کیلئے اپنی حمایت اور علاقائی استحکام میں مشن کے رول کیلئے اپنے عزم کو دوہرایا۔ x

### President Algeria Visit

الجیریا کے دورے کے تیسرے دِن صدر جمہوریہ آج کئی پروگراموں میں حصہ لیں گی۔ تین ملکوں کے دورے کے دوسرے حصے کے طور پر صدرجمہوریہ مرمو کل Mauritania کے لیے روانہ ہوں گی۔ 17 اور 19 اکتوبر کو صدرجمہوریہ Malawi کا دورہ کریں گی۔ اِن ملکوں کے دورے کے دوران صدرجمہوریہ لیڈروں کے ساتھ باہمی میٹنگیں کریں گی اور صنعتی اور تجارتی لیڈروں کے ساتھ اہم معاملات پر گفتگو کریں گی۔

### India Colombia MoU

بھارت اور کولمبیا کے درمیان آج نئی دلّی میں، Audiovisual Co-production سمجھوتے پر دستخط کئے جائیں گے۔ دستخط کنندگان میں بھارت کی جانب سے اطلاعات ونشریات کے وزیر مملکت ڈاکٹر ایل مروگن نمائندگی کریں گے، جبکہ کولمبیا کے نائب وزیر خارجہ Jorge Enrique Rojas Rodriguez اپنے ملک کی نمائندگی کریں گے۔ توقع ہے کہ یہ سمجھوتہ، Co-production کیلئے تخلیقی، فن پر مبنی ، تکنیکی، مالیاتی اور مارکیٹنگ وسائل میں دونوں ملکوں کے پروڈیوسرز کو فائدہ پہنچائے گا۔

اِس سمجھوتے سے دونوں ملکوں کے درمیان فن و ثقافت کے تبادلوں کی راہ ہموار ہوگی۔ وہیں یہ سمجھوتہ دونوں ممالک کے عوام کے درمیان ثقافتی تعلقات کو فروغ دیتے ہوئے، خیرسگالی اور بہتر مفاہمت کو بڑھاوا دے گا۔ فی الحال بھارت کے 16 ممالک کے ساتھ Co-production معاہدے ہیں، جس کے تحت گذشتہ پانچ سالوں میں 29 پروجیکٹس انجام دیئے گئے۔ کولمبیا ایسا 17واں ملک ہے، جس کے ساتھ بھارت، Co-production سمجھوتے پر دستخط کررہا ہے۔x

**BADMINTON**

ڈنمارک اوپن **2024** بیڈمنٹن ٹورنامنٹ میں اولمپک میں دو مرتبہ تمغہ جیتنے والی، پی وی سندھو آج شام، خواتین کے سنگلز کے پہلے راؤنڈ میں چینی تائپی کی کھلاڑی **Pai Yu Po** کا سامنا کریں گی۔ اُدھر لکشیہ سین آج سہ پہر چین کے کھلاڑی **Lu Guang Zu** کے خلاف کھیلیں گے۔مردوں کے ڈبلز مقابلے میں کوئی بھی بھارتی جوڑی نہیں کھیلے گی۔**x**

**India Austrailia**

نئی دلّی میں چوتھے بھارت آسٹریلیا سکریٹری سطح کے دو جمع دو مذاکرات منعقد ہوئے۔ وزارت خارجہ کے مطابق بھارتی وفد کی قیادت دفاع کے سکریٹری گریدھر اَرمانے اور خارجہ سکریٹری وکرم مسری نے کی۔ آسٹریلیا وفد کی قیادت دفاعی محکمہ کے سکریٹری **Greg Moriarty** اور خارجی معاملات کے محکمے کے سکریٹری **Trade Jan Adams** نے کی۔ وزارت نے کہا ہے کہ سیاسی، اسٹریٹیجک، دفاع اور سیکورٹی اور باہمی مفادات کے علاقائی اور عالمی معاملات جیسے وسیع معاملات پر اِس مذاکرات میں تبادلۂ خیال کیا گیا۔ دونوں ملکوں نے بھارت بحرالکاہل خطے میں امن، استحکام اور ترقی کے مشترکہ مقاصد حاصل کرنے اور بھارت آسٹریلیا جامع اسٹریٹیجک شراکت داری کو فروغ دینے کے اپنے عہد کو دہرایا۔

**Nasa Europa Clipper**

ناسا نے **Europa Clipper** نام سے سیاروں کیلئے مشن کا اب تک کا سب سے بڑا خلائی جہاز لانچ کیا ہے۔ اِس خلائی جہاز کا مقصد یہ پتہ لگانا ہے کہ آیا مشتری کے چاند **Europa** پر زندگی کے مواقف حالات ہیں یا نہیں۔مشتری کے اِس چاند **Europa** پر ایک موٹی پرت کی برف جمی ہوئی ہے، جس کے نیچے یقین کیا جاتا ہے کہ بڑا سمندر موجود ہے۔مشن کے ذریعے اِس کے بارے مین معلومات اکٹھا کی جائے گی۔شمسی توانائی سے چلنے والی روبوٹک **Probe** پانچ سال چھ مہینے میں دو ارب **90** کروڑ کلومیٹر کا سفر طے کرکے**2030** میں مشتری کے مدار میں داخل ہوگی۔مشتری کے برف کے چاند **Europa** کے نام پر **Europa Clipper** کا نام رکھا گیا ہے۔ **x**

**Srilanka Flood**

سری لنکا کے محکمۂ موسمیات نے موسم میں بہتری آنے کی پیشگوئی کی ہے۔گزشتہ دیر رات جنوب مشرقی خلیج بنگال میں کم دباؤ کا علاقہ موجود تھا، جس کے مغرب ،شمال مغرب کی طرف بڑھنے کی امید ہے۔جس کے نتیجے میں جنوبی خلیج بنگال کے وسطی حصوں میں کم دباؤ پیدا ہوگا، تاہم مغربی اور شمالی صوبوں سمیت ملک کے مختلف حصوں میں بارش ہونے کے امکانات ہیں۔

**Rev J&K Lg Govt Formation**

جموں وکشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے نیشنل کانفرنس کے رہنما عمر عبداللہ کو مرکز کے زیر انتظام علاقے میں نئی حکومت تشکیل دینے کے لیے مدعو کیا ہے۔ مرکز کی جانب سے جموں وکشمیر میں صدر راج ختم کیے جانے کے ایک دن بعد یہ اقدام سامنے آیا ہے۔لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کو نیشنل کانفرنس کی جانب سے ایک مکتوب موصول ہونے کے بعد، جس میں یہ کہا گیا تھا کہ عمر عبد اللہ کو اتفاق رائے سے قانون ساز پارٹی کا رہنما منتخب کیا گیا ہے، انھوں نے نیشنل کانفرنس کے نائب صدر عمر عبد اللہ کو وزیراعلیٰ کی حیثیت سے حلف لینے کے لیے مدعو کیا۔ لیفٹیننٹ گورنر کے ایلچی نے کل جناب عبد اللہ کو یہ خط سونپا اور انھیں حلف برداری کی تقریب کے دن اور وقت کے بارے میں مطلع کیا۔حلف برداری کی تقریب سری نگر میں **SKICC** میں کل صبح ساڑھے گیارہ بجے ہوگی۔**x**

......................................